دعوت اسلامی والوں کا اہل بیت سے متعلق عقیدہ

فتوی نمبر: WAT-187

تاریخ اجراء: 15ربیع الاول1443ھ/22اکتوبر2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ہم اسلامی بہنیں اپنے علاقے میں دینی کام کرتی ہیں، لیکن یہاں کچھ لوگ یہ مشہور کررہے ہیں کہ دعوت اسلامی والے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو نہیں مانتے۔اس بارے میں کوئی ایسافتوی وغیرہ دیں کہ جس میں ہو کہ ہم تمام صحابہ اور سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کومانتے ہیں، اگرچہ امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیۃ نے یہ نعرہ دیا ہے کہ ہر صحابیٔ نبی جنتی جنتی، لیکن پھر بھی وہ لوگ اعتراض کرتے ہیں۔اس کا کوئی جواب دے دیجئے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

الحمدللہ عزوجل دعوت اسلامی اہلسنت وجماعت کی عالمگیر دینی تحریک ہے اور دعوت اسلامی والوں کے عقائد صحابہ واہلبیت اطہار علیھم الرضوان کے حوالے سے بالکل واضح ہیں اور ان میں کوئی بھی معاذ اللہ عزوجل کسی صحابی یا اہلبیت سے بغض نہیں رکھتا، بلکہ اس حوالے سے جو اہلسنت کا موقف ہے،وہی اپناتا ہے۔اس بارے میں دعوت اسلامی والوں کے کردار کو مشکوک بتانا یا متہم کرنا بالکل درست نہیں۔اور دعوت اسلامی والوں کا پکا سنی ہونا کئی اکابر علماء نے بیان فرمایا ہے۔

اور جہاں تک یہ بات رہی کہ معاذ اللہ عزوجل دعوت اسلامی والے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو نہیں مانتے، یہ صریح بہتان ہے، کیونکہ دعوت اسلامی تو مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور اہلبیت وصحابہ کرام علیھم الرضوان ہی کا فیضان ہے، جس کی وضاحت کئی دفعہ امیر دعوت اسلامی مولانا الیاس عطار قادری دامت برکاتھم العالیۃ اپنے بیانات اور مدنی مذاکروں میں فرما چکے ہیں۔اور جو حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہ یا کسی بھی صحابی سے بغض رکھتا ہو، اسے دعوت اسلامی اہلسنت سے خارج اور بدمذہب مانتی ہے۔

اور بالخصوص امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی شان ومناقب میں ”کراماتِ شیر خدا“ کے نام سے ایک مکمل رسالہ بھی تحریر فرمایا ہے، جسے درج ذیل لنک سے پڑھا جاسکتا ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/karamaat-e-sher-e-khuda

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net